تصنیفِ لطیف

سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمۃ اللہ علیہ

گنجِ دین

(اُردو ترجمہ مع فارسی متن)

فیضانِ نظر

سلطان العاشقین حضرت سخی

سلطان محمد نجیب الرحمٰن

مدظلہ الاقدس

مترجم

احسن علی سروری قادری

(بی کام آنرز)

تصنیفِ لطیف سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمۃ اللہ علیہ

گنجِ دین (اردو ترجمہ مع فارسی متن)

سلطان الفقر

تصنیفِ لطیف
سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمۃ اللہ علیہ
گنجِ دین
(اُردو ترجمہ مع فارسی متن)
فیضانِ نظر
سلطان العاشقین حضرت سخی
سلطان محمد نجیب الرحمٰن
مدظلہ الاقدس
مترجم
احسن علی سروری قادری
(بی کام آنرز)

نام کتاب گنجِ دین (اُردو ترجمہ مع فارسی متن)

تصنیفِ لطیف سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُوؒ رحمتہ اللہ علیہ

مترجم احسن علی سروری قادری (بی کام آنرز)

ناشر سُلطان الفقر پبلیکیشنز (رجسٹرڈ) لاہور

بارِ اوّل مارچ 2021ء

تعداد 500

ISBN: 978-969-2220-08-8

سُلطان الفقر ہاؤس

A/4-5- ایکسٹینشن ایجوکیشن ٹاؤن وحدت روڈ ڈاکخانہ منصورہ لاہور۔ پوسٹل کوڈ 54790

Ph: 042-35436600, 0322-4722766
www.sultan-bahoo.com
www.sultan-bahoo.pk
www.sultan-ul-arifeen.com
www.sultan-ul-faqr-publications.com

انتساب

مرشد کامل اکمل جامع نور الہدیٰ

سلطان العاشقین

حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس

کے نام

جو طالبانِ مولیٰ میں اسم اللہ ذات کے فیض

کے خزانے تقسیم فرما رہے ہیں

پیش لفظ

حمد وثنا کا حقیقی حقدار اللہ واحد ہے جس کے مخلوق پر اس قدر احسانات ہیں جن کا شمار بھی ممکن نہیں۔ محبوبِ خدا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بے حد و بے حساب درود وسلام ہوں جو مخلوقِ خدا کے لیے اللہ کا احسانِ عظیم ہیں جنہوں نے اپنے نورانی وجود سے تمام کائنات کو منور فرمایا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اللہ تعالیٰ کے تمام تر ظاہری و باطنی خزانوں کے مختارِ کل اور قاسم ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لطف و کرم کے بغیر دین کی حقیقت کو سمجھنا اور اس پر عمل پیرا ہونا ناممکن ہے۔

''گنجِ دین'' سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ کی نادر کتاب ہے جس میں اسم اللہ ذات کے فیوض و برکات اور ثمرات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

گنجِ دین کا قلمی نسخہ مئی 1988ء میں ٹبہ پیراں ضلع جھنگ سے حضرت سخی سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ کے خلیفہ حضرت لعل شاہ ہمدانی کے خاندان سے دستیاب ہوا جسے حضرت گل شاہ صاحب خلف رشید حضرت قبلہ پیر سیّد محمد حسین شاہ ہمدانی (ٹبہ پیراں جھنگ) کی فرمائش پر تحریر کیا گیا ہے۔ کاتب کا نام موجود نہیں جبکہ سال کتابت 17 ذیقعد 1383ھ ہے۔ اس نادر کتاب کا ترجمہ سب سے پہلے ڈاکٹر سلطان الطاف علی نے

فارسی متن کے ساتھ باھُوپبلیکیشنز سے ستمبر 2020ء میں شائع کیا۔ ڈاکٹر سلطان الطاف علی کا تعلق حضرت سخی سلطان باھُوؒ کے خانوادہ سے ہے۔ وہ ایک علمی وادبی شخصیت ہونے کی بنا پر کافی معروف ہیں۔ اس سے قبل وہ سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُوؒ کی چند کتب کا ترجمہ بھی کر چکے ہیں۔ ڈاکٹر سلطان الطاف علی نے حضرت سخی سلطان باھُوؒ پر فارسی زبان میں پی ایچ ڈی کا مقالہ بھی تحریر کیا جس پر انہیں پنجاب یونیورسٹی سے ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل ہوئی اور اسی فارسی مقالہ کا اُردو ترجمہ انہوں نے ''مرآتِ سلطانی'' کے نام سے شائع کیا۔

میرے مرشد کریم سلطان العاشقین حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس جو سلسلہ سروری قادری کے اکتیسویں شیخ کامل ہیں' نے اس عاجز کو سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ کی اس نادر کتاب ''گنجِ دین'' کے ترجمہ کا حکم فرمایا اور اس کارِ خیر کے لیے اپنی لائبریری سے قلمی نسخہ بھی عطا فرمایا۔

ڈاکٹر سلطان الطاف علی نے بھی گنجِ دین کے ترجمہ کے لیے اسی قلمی نسخہ کو بنیاد بنایا۔ تاہم اپنے ترجمہ کے دوران انہوں نے کتابت کی غلطیوں پر غور نہیں کیا۔ سلطان العاشقین حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس کی نظرِ کرم کی بدولت اور سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ کی کتب کی انگریزی مترجم محترمہ عنبرین مغیث سروری قادری کے باہمی تعاون سے ''گنجِ دین'' کا جامع فارسی متن تیار کیا گیا جو حضرت سخی سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ کی تعلیمات کے عین مطابق اور اغلاط

سے پاک ہے۔ اسی فارسی متن سے عام فہم اردو ترجمہ کیا گیا جسے سمجھنا ایک مبتدی طالب کے لیے بھی بے حد آسان ہے جبکہ ڈاکٹر سلطان الطاف علی کا ترجمہ ادبی اعتبار سے مشکل الفاظ کے چناؤ کے باعث سمجھنا قدرے مشکل ہے۔

میں اپنے مرشد کریم سلطان العاشقین حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس کا مشکور ہوں جنہوں نے عاجز کو اس کتاب کے ترجمہ کی سعادت عطا کی۔ محترمہ عنبرین مغیث سروری قادری کا شکریہ ادا کرتا ہوں جن کے تعاون سے فارسی متن تیار ہوا اور انہوں نے اُردو ترجمہ پر بھی نظرِ ثانی فرمائی۔ اللہ پاک انہیں جزائے خیر عطا فرمائے اور اس کتاب کے ترجمہ کو طالبانِ مولیٰ کے لیے مشعلِ راہ بنائے۔

احسن علی سروری قادری

(بی کام آنرز)

پنجاب یونیورسٹی لاہور

لاہور

فروری 2021ء

سلطان العارفین

حضرت سخی سلطان باھو رحمۃ اللہ علیہ

سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ برصغیر پاک و ہند کے مشہور صوفی بزرگ ہیں جو یکم جمادی الثانی 1039ھ بروز جمعرات شورکوٹ ضلع جھنگ میں پیدا ہوئے۔ آپؒ کے والد محترم بازیدؒ محمد مغل بادشاہ شاہجہان کے لشکر میں ایک ممتاز عہدے پر فائز تھے۔آپؒ کی والدہ محترمہ بی بی راستیؒ ولیہ کاملہ تھیں۔ سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ ازل سے منتخب اور مادرزاد ولی تھے۔ چونکہ والدہ محترمہ اس نورانی بچے کے بلند روحانی مرتبہ سے قبل از پیدائش ہی آگاہ ہو چکی تھیں اور قربِ حضورِ حق سے بچے کا نام ''باھُو'' بھی تجویز ہو چکا تھا لہٰذا آپ رحمتہ اللہ علیہ کی پیدائش پر آپؒ کا نام باھُوؒ رکھا گیا۔ سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ قبیلہ اعوان سے تعلق رکھتے ہیں۔ اعوان حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی غیر فاطمی اولاد ہیں۔ خونِ حیدری کی تاثیر اور اسمِ ھُو کی تنویر آپ رحمتہ اللہ علیہ کے چہرہ مبارک سے بچپن میں ہی اس قدر عیاں تھی کہ جو دیکھتا فوراً سبحان اللہ کہتا اور غیر مسلم دیکھتے تو ان کی زبانوں سے بھی بے اختیار کلمہ طیبہ ادا ہو جاتا۔ اس لیے جیسے ہی آپؒ گھر سے باہر تشریف لاتے غیر مسلم اپنے گھروں میں چھپ جاتے۔

حضرت سلطان باھُوؒ نے اپنی ابتدائی تربیت اپنی والدہ محترمہ بی بی راستیؒ سے ہی حاصل کی جو خود بھی عارفہ کاملہ تھیں اور فنا فی ھُو کے مرتبہ پر فائز تھیں۔ آپؒ نے ظاہری

تعلیم حاصل نہیں کی بلکہ آپ رحمتہ اللہ علیہ اُمی ہیں اور اپنی تصانیف میں اس بات کا جابجا تذکرہ بھی فرماتے ہیں۔ اپنی تصنیف مبارکہ ''عین الفقر'' میں آپؒ کا ارشاد ہے:

☆ ''مجھے اور محمد عربی کو ظاہری علم حاصل نہیں تھا لیکن وارداتِ غیبی کے سبب علمِ باطن کی فتوحات اس قدر تھیں کہ انہیں تحریر کرنے کے لیے دفتر درکار ہیں''۔

☆ گرچہ نیست ما را علمِ ظاہر
ز علمِ باطنی جاں گشتہ طاہر

ترجمہ: اگرچہ میں نے علمِ ظاہر حاصل نہیں کیا لیکن علمِ باطن حاصل کر کے میں پاک و طاہر ہو گیا ہوں۔

سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی والدہ محترمہ کی روحانی تربیت کے باعث بہت ہی شفاف بچپن گزارا اور کبھی کسی برائی کی طرف مائل نہ ہوئے بلکہ ہمیشہ قربِ حق کی جستجو میں ہی رہے۔ اس مقصد کی تکمیل کی خاطر مرشد کامل اکمل کی تلاش ہی آپؒ کا مشن تھا۔ اس سلسلے میں گردونواح اور دور دراز کے علاقوں بے شمار بزرگانِ دین اور اولیا کرام سے ملاقات بھی کی لیکن آپؒ کی لگن تو معرفت و وصالِ حق تعالیٰ تھی جو کہ حاصل نہ ہو رہی تھی۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ خود فرماتے ہیں کہ میں تیس سال تک مرشد کامل کی تلاش میں پھرتا رہا ہوں۔

اسی غرض سے ایک دن شورکوٹ کے نواح میں گھوم رہے تھے کہ ایک گھڑ سوار نمودار ہوئے۔ استفسار پر معلوم ہوا کہ حضرت علی ابنِ ابی طالبؓ ہیں اور اگلے ہی لمحے

حضرت سلطان باھوؒ نے خود کو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے ہمراہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہ کی حضوری میں پایا جہاں تمام خلفائے راشدین کے علاوہ دیگر صحابہ کرام اور اہلِ بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین موجود تھے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ، حضرت عمر فاروقؓ اور حضرت عثمان غنیؓ سے باری باری ملاقات کے بعد آپؒ یہی سوچ رہے تھے کہ شاید آپ کی بیعت حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے سپرد کی جائے گی لیکن حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے دستِ مبارک آگے بڑھائے اور آپ رحمتہ اللہ علیہ کو دستِ بیعت فرمایا اور اپنا نوری حضوری فرزند قرار دیتے ہوئے خلقِ خدا کو تلقین کا حکم دیا۔ اپنی اس بیعت کے بارے میں رسالہ روحی شریف میں اس طرح رقم طراز ہیں:

دست بیعت کرد ما را مصطفیٰؐ   خوانده است فرزند ما را مجتبیٰ

شد اجازت باھُوؒ را از مصطفیٰؐ   خلق را تلقین بکن بہرِ خدا

ترجمہ: مجھے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دستِ بیعت فرما کر اپنا نوری حضوری فرزند قرار دیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے مجھے اجازت دی ہے کہ میں خلقِ خدا کو راہِ حق تعالیٰ کی تلقین کروں۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دستِ بیعت فرما کر سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ کو سیّدنا غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہٗ کے سپرد فرمایا جنہوں نے آپ رحمتہ اللہ علیہ کی باطنی تربیت مکمل کی اور مرشد کامل اکمل سے ظاہری بیعت کا حکم فرمایا۔ آپؒ نے دہلی میں سلسلہ قادریہ کے بزرگ سیّد عبدالرحمٰن جیلانی دہلوی رحمتہ اللہ علیہ

کے دستِ اقدس پر بیعت کی سعادت حاصل کی اور اسمِ اللہ ذات اور امانتِ فقر حاصل کی جو روزِ ازل سے آپؒ کا مقدر تھی۔

سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ کا سلسلہ فقر پچیس (25) واسطوں سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے جا ملتا ہے۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ اہلِ سنت والجماعت سے تعلق رکھتے ہیں اور فقہ میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہٗ کے پیروکار ہیں۔

حضرت سخی سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ سلطان الفقر کے بلند مرتبہ پر فائز ہیں۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ نے پہلی مرتبہ اپنی تصنیفِ مبارکہ ''رسالہ روحی شریف'' میں سلطان الفقر ارواح کے مقام و مرتبہ سے پردہ اُٹھایا۔ آپؒ فرماتے ہیں:

☆ جب نورِ احدی نے وحدت کے گوشۂ تنہائی سے نکل کر کائنات (کثرت) میں ظہور کا ارادہ فرمایا تو اپنے حسن کی تجلی کی گرم بازاری سے (تمام عالموں کو) رونق بخشی' اس کے حسنِ بے مثال اور شمعٔ جمال پر دونوں جہان پروانہ وار جل اُٹھے اور میم احمدی کا گھونگھٹ اوڑھ کر صورتِ احمدی اختیار کی۔ پھر جذبات و ارادات کی کثرت سے سات بار جنبش فرمائی جس سے سات ارواحِ فقر باصفا فنافی اللہ بقاباللہ تصورِ ذات میں محوٗ تمام مغز بے پوست حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش سے ستر ہزار سال پہلے' اللہ تعالیٰ کے جمال کے سمندر میں غرق آئینہ یقین کے شجر پر نمودار ہوئیں۔ انہوں نے ازل سے ابد تک ذاتِ حق کے سوا کسی چیز کی طرف نہ دیکھا اور نہ غیر حق کو سنا۔ وہ حریمِ کبریا میں ہمیشہ وصال کا ایسا سمندر بن کر رہیں جسے کبھی زوال نہیں۔ کبھی نوری جسم

کے ساتھ تقدیس وتنزیہہ میں کوشاں رہیں اور کبھی قطرہ سمندر میں اور کبھی سمندر قطرہ میں، اور اِذَا تَمَّ الْفَقْرُ فَھُوَ اللّٰہ کے فیض کی چادر ان پر ہے۔ پس انہیں ابدی زندگی حاصل ہے اور وہ اَلْفَقْرُ لَا یُحْتَاجُ اِلٰی رَبِّہٖ وَلَا اِلٰی غَیْرِہٖ کی جاودانی عزت کے تاج سے معزز ومکرم ہیں۔ انہیں حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش اور قیامِ قیامت کی کچھ خبر نہیں۔ ان کا قدم تمام اولیا اللہ اور غوث وقطب کے سر پر ہے۔ اگر انہیں خدا کہا جائے تو بجا ہے اور اگر بندۂ خدا کہا جائے تو روا ہے۔ اس راز کو جس نے جانا اس نے پہچانا۔ ان کا مقام حریم ذاتِ کبریا ہے۔ انہوں نے اللہ تعالیٰ سے سوائے اللہ تعالیٰ کے کچھ نہ مانگا، حقیر دنیا اور آخرت کی نعمتوں، حور وقصور اور بہشت کی طرف آنکھ اُٹھا کر بھی نہیں دیکھا اور جس ایک تجلّی سے حضرت موسیٰ علیہ السلام سراسیمہ ہو گئے اور کوہِ طور پھٹ گیا تھا ہر لمحہ، ہر پل جذباتِ انوارِ ذات کی ویسی تجلیات ستر ہزار باران پر وارد ہوتی ہیں لیکن وہ نہ دم مارتے ہیں اور نہ آہیں بھرتے ہیں بلکہ مزید تجلیات کا تقاضا کرتے ہیں۔ وہ سلطان الفقر اور سیّد الکونین ہیں۔ (رسالہ روحی شریف)

اسمِ اللہ ذات کے فیض کو عام کرنے کے لیے آپ رحمتہ اللہ علیہ نے برصغیر کے بے شمار علاقوں میں سفر کیا کیونکہ آپؒ اس بات کے قائل ہیں کہ فقیر چل پھر کر لوگوں میں فیض بانٹتا ہے۔ آپؒ نے اپنی نگاہِ کامل سے لاکھوں لوگوں کو فیض یاب فرمایا اور انہیں راہِ حق کا سالک بنا دیا۔

آپ رحمتہ اللہ علیہ نے سلسلہ قادریہ کو از سرِ نو ترتیب دیتے ہوئے سلسلہ سروری قادری

کے نام سے منظّم کیا اور اسمِ اللہ ذات کے فیوض و برکات کو اپنی تعلیمات کے ذریعے عوام الناس کے لیے عام کیا۔ اسمِ اللہ ذات کا وہ فیض جو پہلے صرف خواص تک محدود تھا اسے سب کے لیے عام کر دیا۔ سلسلہ سروری قادری کے آپؒ متعلق فرماتے ہیں کہ میرا سلسلہ ہر طرح کے جبہّ و دستار اور ورد و وظائف اور تسبیحات سے پاک ہے بلکہ آپؒ فرماتے ہیں کہ میرا سلسلہ محبوبیت کا سلسلہ ہے کہ اس میں رنجِ ریاضت نہیں بلکہ اسمِ اللہ ذات سے مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری اور دیدارِ حق تعالیٰ عطا ہوتا ہے۔ سلسلہ سروری قادری کے متعلق آپؒ ''محک الفقر کلاں'' میں فرماتے ہیں:

☆ یاد رہے کہ قادری طریقہ بھی دو قسم کا ہے' ایک زاہدی قادری طریقہ ہے جس میں طالب عوام کی نگاہ میں صاحبِ مجاہدہ و صاحبِ ریاضت ہوتا ہے جو ذکرِ جہر سے دل پر ضربیں لگاتا ہے' غور و فکر سے نفس کا محاسبہ کرتا ہے' ورد و وظائف میں مشغول رہتا ہے' راتیں قیام میں گزارتا ہے اور دن میں روزہ رکھتا ہے لیکن باطن کے مشاہدہ سے بے خبر قال (گفتگو) کی وجہ سے صاحبِ حال بنا رہتا ہے۔ دوسرا سلسلہ سروری قادری ہے جس میں طالب قرب و وِصال اور مشاہدۂ دیدار سے مشرف ہو کر شوریدہ حال رہتا ہے اور مرشد کامل ایک ہی نظر سے طالبِ مولیٰ کو معیتِ حق تعالیٰ میں پہنچا دیتا ہے اور وصالِ پروردگار سے مشرف کر کے حق الیقین کے مراتب تک پہنچا دیتا ہے۔ ایسا ہی سروری قادری فقیر قابلِ اعتبار ہے کہ وہ قاتلِ نفس ہوتا ہے اور کارزارِ حق میں پیش قدمی کرنے والا سالار ہوتا ہے۔ (محک الفقر کلاں)

مزید فرماتے ہیں:

☆ سروری قادری اسے کہتے ہیں جو نر شیر پر سواری کرتا ہے اور غوث و قطب اس کے زیرِ بار رہتے ہیں۔ سروری قادری طالبوں اور مریدوں کو اللہ تعالیٰ کے کرم سے پہلے ہی روز یہ مرتبہ حاصل ہو جاتا ہے کہ ماہ سے ماہی تک ہر چیز ان کی نگاہ میں آ جاتی ہے۔ سروری قادری کی اصل حقیقت یہ ہے کہ سروری قادری فقیر ہر طریقے کے طالب کو عامل کامل مرتبے پر پہنچا سکتا ہے کیونکہ دیگر ہر طریقے کے عامل کامل درویش، سروری قادری فقیر کے نزدیک ناقص و ناتمام ہوتے ہیں کہ دوسرے ہر طریقے کی انتہا سروری قادری کی ابتدا کو بھی نہیں پہنچ سکتی خواہ کوئی عمر بھر محنت و ریاضت کے پتھر سے سر پھوڑتا رہے۔ (محک الفقر کلاں)

سلسلہ سروری قادری کی ترویج اور طالبانِ مولیٰ کی رہنمائی کے لیے سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ نے اس وقت کی مروجہ زبان فارسی میں کم و بیش 140 کتب تصنیف فرمائیں جن میں سے صرف چھتیس (36) کے قریب کتب کے تراجم دستیاب ہیں۔ ان کتب کے نام مندرجہ ذیل ہیں:

(۱)۔ ابیاتِ باھُوؒ (پنجابی) (۲)۔ دیوانِ باھُوؒ (فارسی) (۳)۔ عین الفقر (۴)۔ نور الہدیٰ (کلاں) (۵)۔ نور الہدیٰ (خورد) (۶)۔ کلید التوحید (کلاں) (۷)۔ کلید التوحید (خورد) (۸)۔ محک الفقر (کلاں) (۹)۔ محک الفقر (خورد) (۱۰)۔ امیر الکونین (۱۱)۔ محکم الفقرا (۱۲)۔ کشف الاسرار (۱۳)۔ گنج الاسرار (۱۴)۔ رسالہ روحی شریف

(۱۵)۔مجالستہ النبیؐ (۱۶)۔شمس العارفین (۱۷)۔جامع الاسرار (۱۸)۔اسرارِ قادری (۱۹)۔اورنگ شاہی (۲۰)۔مفتاح العارفین (۲۱)۔عین العارفین (۲۲)۔کلیدِ جنت (۲۳)۔قربِ دیدار (۲۴)۔تیغ برہنہ (۲۵)۔عقلِ بیدار (۲۶)۔فضل اللقا (کلاں) (۲۷)۔فضل اللقا (خورد) (۲۸)۔توفیقِ ہدایت (۲۹)۔سلطان الوھم (۳۰)۔دیدار بخش (کلاں) (۳۱)۔دیدار بخش (خورد) (۳۲)۔محبت الاسرار (۳۳)۔طرفتہ العین یا حجت الاسرار (یہ کتاب دونوں ناموں سے مشہور ہے)۔(۳۴) تلمیذ الرحمٰن (۳۵)۔سیف الرحمٰن (۳۶) گنجِ دین (اس کتاب کا قلمی نسخہ مئی 1988ء میں ٹبہ پیراں ضلع جھنگ سے دریافت ہوا جس کا ترجمہ ڈاکٹر سلطان الطاف علی جو کہ حضرت سخی سلطان باھُوؒ کے خانوادہ سے تعلق رکھتے ہیں' نے ستمبر 2020ء میں کیا۔)

مناقبِ سلطانی اور شمس العارفین سے آپ رحمتہ اللہ علیہ کی چند ایسی تصانیف کے نام بھی ملتے ہیں جو اب تک ناپید ہیں اور ان کے نام یہ ہیں: (۱)۔مجموعۃ الفضل (۲)۔عین النجا (۳)۔مفتاح العاشقین (۴)۔قطب الاقطاب (۵)۔شمس العاشقین (۶)۔دیوانِ باھُو کبیر و صغیر۔ایک ہی دیوانِ باھُوؒ (فارسی) دستیاب ہے جو یا تو کبیر ہے یا صغیر۔

سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ کی کتب کا اندازِ تحریر نہایت خوبصورت اور منفرد ہے۔فارسی زبان میں ہی مطالعہ کرنے پر اس قدر سرور اور لذت حاصل ہوتی ہے کہ بیان سے باہر ہے۔ان کتب کا اعجاز یہ ہے کہ نہ صرف صدقِ دل اور خلوصِ نیت سے پڑھنے والے

کے قلب و روح کو معطر کرتی ہیں بلکہ راہِ حق اور مرشد کامل اکمل کے متلاشی طالبانِ مولیٰ کے لیے مکمل راہنما ثابت ہوتے ہوئے انہیں مرشد کامل اکمل تک بھی پہنچاتی ہیں۔آپؒ کی کتب نہ صرف قرآن و سنت کے عین مطابق بلکہ قرآن و حدیث کی بہترین تفسیر ہیں۔ان کتب میں طالبانِ مولیٰ کے لیے معرفتِ حق تعالیٰ اور دیدارِ حق تعالیٰ کا پیغام ہے۔تمام تر کتب اسمِ اللہ ذات اور مرشد کامل اکمل و فقیرِ کامل کے فضائل پر مشتمل ہیں۔اپنی تصانیفِ مبارکہ کے متعلق سلطان باھُوؒ کا ارشاد ہے:

ہیچ تالیفے نہ در تصنیفِ ما　　　ہر سخن تصنیفِ ما را از خدا

علم از قرآن گرفتم و ز حدیث　　　ہر کہ منکر میشود اہل از خبیث

ترجمہ: میری تصانیف میں کوئی تالیف نہیں ہے اور میری تصنیف کا ہر حرف اللہ کی جانب سے ہے۔ان میں بیان کردہ ہر علم قرآن و حدیث کی حد میں ہے اور جو کوئی ان تصانیف کا منکر ہو وہ قرآن و حدیث کا منکر ہوتا ہے اس لیے وہ پکا خبیث ہے۔

آپؒ کی تصانیف ہر مقام و مرتبہ کے حامل طالبانِ مولیٰ خواہ وہ ابتدائی مقام پر ہوں یا متوسط یا انتہائی مقام پر، سب کی رہنمائی کرتی ہے۔اگر کوئی راہِ سلوک میں رجعت کھا کر اپنے روحانی مقام و مرتبہ سے گر گیا ہو اس کے لیے آپؒ کی کتب بہترین رہنما ثابت ہوتی ہیں۔رسالہ روحی شریف میں آپؒ کا فرمان ہے:

☆　اگر کوئی ولیٔ واصل عالمِ روحانی یا عالمِ قدس شہود میں رجعت کھا کر اپنے مرتبہ سے گر گیا ہو تو وہ اس رسالہ کو وسیلہ بنائے تو یہ رسالہ اس کے لیے مرشد کامل ثابت

ہوگا۔ اگر وہ اسے وسیلہ نہ بنائے تو اسے قسم ہے اور اگر ہم اسے اس کے مرتبہ پر بحال نہ کریں تو ہمیں قسم ہے۔ (رسالہ روحی شریف)

سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ امانتِ فقر کے حصول کے بعد خالص وصادق طالبِ مولیٰ کی تلاش میں رہے جسے خزانہ فقر امانتِ فقر منتقل کی جا سکے لیکن اپنی حیات میں اس مرتبہ کا صادق طالبِ مولیٰ نہ پاسکے۔ فرماتے ہیں:

دل دا محرم کوئی نہ ملیا، جو ملیا سو غرضی ھُو

آپؒ اپنی تصنیف امیر الکونین میں جابجا اس کے متعلق فرماتے ہیں:

باھُو کس نیامد طالبے لائق طلب

حاضر کنم با مصطفیٰؐ توحید ربّ

ترجمہ: اے باھُوؒ! میرے پاس کوئی بھی اللہ کی طلب لے کر نہیں آیا جسے میں مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری عطا کر کے وحدتِ حق تک لے جاؤں۔

کس نیابم طالبے تشنہ طلب

معرفت دیدار چشم راز ربّ

ترجمہ: میں نے ایسا کوئی طالب نہیں پایا جو معرفت اور دیدار کے لیے تشنہ ہو اور جس کی آنکھ اللہ کے اسرار کا مشاہدہ چاہتی ہو۔

کس نیابم طالبے حق حق طلب

میرسانم با حضوری راز ربّ

ترجمہ: میں کوئی بھی طالبِ حق نہیں پا سکا جو (مجھ سے) حق طلب کرے اور میں اسے رازِ ربّ عطا کرتے ہوئے حضورِ حق میں پہنچا دوں۔

آپ رحمتہ اللہ علیہ ظاہری طور پر امانت منتقل کیے بغیر ہی وصال فرما گئے۔ آپؒ کے وصال کے 139 سال بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سلطان التارکین حضرت سخی سلطان سیّد محمد عبداللہ شاہ مدنی جیلانی رحمتہ اللہ علیہ کو امانتِ الٰہیہ کے لیے منتخب فرما کر مدینہ سے جھنگ کی طرف جانے کا حکم دیا۔ حضرت سلطان باھُوؒ سے امانتِ فقر حاصل کرنے کے بعد سلطان التارکین حضرت سخی سلطان سیّد محمد عبداللہ شاہ مدنی جیلانیؒ سلطان باھُوؒ کے حکم پر احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور تشریف لے گئے اور اپنے وصال تک وہاں قیام فرمایا۔ سیّد محمد عبداللہ شاہ مدنی جیلانیؒ کا دربار پاک فتانی چوک احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور میں واقع ہے۔

حضرت سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ نے یکم جمادی الثانی 1102ھ بروز جمعرات بوقتِ عصر وصال فرمایا۔ آپؒ کا مزار مبارک گڑھ مہاراجہ ضلع جھنگ کے نزدیک مرجع خلائق ہے۔ ہر سال جمادی الثانی کی پہلی جمعرات کو آپؒ کا عرس منایا جاتا ہے۔

محرم الحرام کے ابتدائی دس دنوں میں سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ شہدائے کربلا اور اہلِ بیتؓ کی یاد میں محافل منعقد کرایا کرتے تھے اسی روایت کے پیشِ نظر محرم الحرام کے ابتدائی دس دنوں میں لاکھوں کی تعداد میں زائرین دربار پاک پر حاضر ہو کر فیض یاب ہوتے ہیں۔

سلطان باھُوؒ کا یہ ارشاد سینہ بہ سینہ منتقل ہوتا آیا ہے:

''جب گمراہی عام ہو جائے گی، باطل حق کو ڈھانپ لے گا، فرقوں اور گروہوں کی بھرمار ہوگی، ہر فرقہ خود کو حق پر اور دوسروں کو گمراہ سمجھے گا اور گمراہ فرقوں اور لوگوں کے خلاف بات کرتے ہوئے لوگ گھبرائیں گے اور علمِ باطن کا دعویٰ کرنے والے اپنے چہروں پر ولایت کا نقاب چڑھا کر درباروں اور گدیوں پر بیٹھ کر لوگوں کو لوٹ کر اپنے خزانے اور جیبیں بھر رہے ہوں گے تو اس وقت میرے مزار سے نور کے فوارے پھوٹ پڑیں گے''۔

اس قول سے مراد یہی ہے کہ گمراہی کے دور میں آپؒ کا کوئی غلام آپؒ کی روحانی رہنمائی میں آپؒ کی تعلیماتِ حق کو لے کر کھڑا ہوگا اور گمراہی کو ختم کر کے حق کا بول بالا کرے گا۔ حضرت سلطان باھُوؒ کا یہ فرمان سچ ثابت ہو چکا ہے۔ میرے مرشد کریم اور سلسلہ سروری قادری کے موجودہ شیخِ کامل سلطان العاشقین حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس آپؒ کی تعلیماتِ فقر کو عام کرنے میں ہمہ وقت کوشاں ہیں۔ آپ مدظلہ الاقدس نے بطور مجدد سلسلہ سروری قادری میں رواج پا جانے والی بدعات کو ختم کیا اور اپنی تصنیفات کے ذریعے عوام الناس کو اصل فقیرِ کامل و مرشد کامل اکمل جامع نور الہدیٰ کی پہچان کرائی۔ آپ مدظلہ الاقدس نے اب تک اپنی نگاہِ کامل سے لاکھوں لوگوں کو فیض یاب فرمایا ہے اور مسلسل فیض یاب فرما رہے ہیں۔ اسمِ اللہ ذات کے ذکر و تصور اور ذکرِ یاھُو کا فیض جو پہلے صرف خواص تک محدود تھا' آپ مدظلہ الاقدس نے

اُسے دنیا بھر میں عام فرما دیا ہے۔ آپ مدظلہ الاقدس اس پُرفتن اور گمراہی کے دور میں زنگ آلود قلوب سے نفسانی خواہشات کی میل اور زنگ کو دور کر کے طالبانِ دنیا کو طالبانِ مولیٰ بنا رہے ہیں۔ آپ مدظلہ الاقدس نے تعلیماتِ فقر کی ترویج کے لیے کتب کی اشاعت، ویب سائٹس اور سوشل میڈیا کے ذریعے اسمِ اللہ ذات کا پیغام دنیا بھر میں پہنچا دیا ہے اور یہ سلسلہ مستقل بنیادوں پر جاری ہے۔ سلسلہ سروری قادری میں جس قدر جدوجہد آپ مدظلہ الاقدس نے کی اور مسلسل کر رہے ہیں آج تک کوئی نہ کر سکا۔

دعوتِ حق کے متعلق سلطان باھُوؒ کا اعلانِ عام ہے:

ہر کہ طالبِ حق بود من حاضرم   ز ابتدا تا انتہا یک دم برم

طالب بیا! طالب بیا! طالب بیا!   تا رسانم روزِ اوّل با خدا

ترجمہ: اگر کوئی حق کا طالب ہے تو میں اس کے لیے حاضر ہوں کہ اسے ابتدا سے انتہا تک ایک لمحہ میں پہنچا دوں۔ اے طالب آ، اے طالب آ، اے طالب آ۔ تاکہ میں پہلی ہی نگاہ میں حق تک پہنچا دوں۔

طالبانِ حق کے لیے دروازہ کھلا ہے ورنہ حق بے نیاز ہے۔

سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ کی سوانح حیات کے تفصیلی مطالعہ کے لیے مرشد کریم سلطان العاشقین حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس کی تصانیف مبارکہ ''شمس الفقرا''، ''مجتبیٰ آخر زمانی'' اور ''سلطان باھُوؒ'' کا مطالعہ فرمائیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی رَسُوۡلِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ اَصۡحَابِہٖ وَ اَہۡلِ بَیۡتِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ O

جان لو کہ جو شخص غریب، مظلوم اور عاجز ہو، روزگارِ دنیا کی وجہ سے پریشان محتاج اور قریب المرگ ہو، کثیر العیال ہونے کے باعث مستحق اور مفلس الحال ہو، کسی بھی طرح کی قوت و طاقت نہ رکھنے کے باعث فقر و فاقہ میں زندگی گزار رہا ہو تو اسے چاہیے کہ اس کتاب کا مطالعہ کرے کیونکہ یہ کتاب گنجِ دین ہے۔ اس کے مطالعہ سے تمام ظاہری و باطنی خزانے معلوم ہو جاتے ہیں اور مخلوق اس کی خادم اور وہ ان کا مخدوم بن جاتا ہے۔ قاری اس کتاب سے اپنے تمام مطالب پا لیتا ہے اور جتنے بھی اللہ کے خزانے ہیں وہ اس کے قبضہ میں آجاتے ہیں اور اس کتاب میں بیان کردہ علمِ تصوف کے دقیق نکات طریقِ تحقیق سے اس پر منکشف ہو جاتے ہیں۔ جو اس کتاب کو اپنے مطالعہ میں رکھے اور اس پر عمل بھی کرے وہ صاحبِ توفیق عارف باللہ بن جاتا ہے اور ہمیشہ پُرنور مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری سے مشرف رہتا ہے۔ تمام انبیا اور اولیا اللہ

کی ارواح اس سے ملاقات کرتی ہیں اور ظاہر و باطن کی کوئی بھی چیز اس سے مخفی اور پوشیدہ نہیں رہتی۔ یہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے طریقہ کے مطابق، اللہ کی عطا اور اس کے فیض و فضل کی بدولت طریقِ تحقیق سے لکھی گئی ہے۔ یہ کتاب مبتدی و منتہی دونوں کو معرفتِ الٰہی میں کامل کر دیتی ہے۔ جو اسے پڑھتا ہے وہ عالم فاضل اور صاحبِ تفسیر بن جاتا ہے۔ اس کتاب سے چار علوم حاصل ہوتے ہیں: علمِ کیمیا اکسیر، علمِ دعوت تکثیر، علمِ ذکر اللہ جو روشن ضمیری عطا کرتا ہے اور علمِ استغراق جس کی تاثیر سے مطالعہ کرنے والا صاحبِ نظر اور نفس پر امیر بن جاتا ہے۔ یہ کتاب صدیق مریدین، باتحقیق طالبوں، باریک بین عارفین اور حق کے رفیق واصلین، باتوفیق علما اور واحدانیت کے دریائے عمیق میں غرق فنا فی اللہ فقرا کے لیے مضبوط کسوٹی ہے۔ جو اس کتاب سے بغیر کسی تکلیف کے اسمِ اعظم کا خزانہ نہیں پاتا تو اس کے سوال کا وبال اس کی اپنی گردن پر ہوگا کیونکہ اس خزانے پر تصرف کا علم اس کتاب میں موجود ہے۔ جس کسی کو کامل عقل، دانش اور شعور حاصل ہو تو وہ جان لیتا ہے کہ یہ کتاب اللہ تعالیٰ کے حکم، اس کی نظرِ رحمت اور منظوری اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اجازت سے ان کی حضوری میں لکھی گئی ہے۔

سالک کو چاہیے کہ سب سے پہلے صاحبِ علم اور صاحبِ شریعت سروری قادری مرشد تلاش کرے جو طریقت (کے رموز) سے واقف ہو اور اس کے دستِ مبارک پر بیعت کرے اور پھر سلوک کی راہ پر قدم رکھے کیونکہ دیگر ہر طریقہ (سلسلہ) کی انتہا قادری کی ابتدا کو بھی نہیں پہنچ سکتی اگرچہ ریاضت کے پتھر سے سر ٹکراتے رہیں۔

قادری مرشد جامع و مجمل ہوتا ہے جو ظاہر و باطن میں ذکر و فکر میں مشغول رہتا ہے۔ قادری طریقہ میں ظاہری و باطنی طور پر اللہ کی معرفت وقرب اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مجلس کی حضوری کی بدولت وصال نصیب ہوتا ہے۔ مطلب یہ کہ تبرکات قدرتِ سبحانی کے حامل محبوبِ ربانی، پیر دستگیر، حضرت شاہ محی الدین عبدالقادر جیلانی قدس سرہٗ العزیز اپنی حیات میں ہر روز اپنے پانچ ہزار طالبوں اور مریدوں کو اس طرح فیض سے نوازتے تھے کہ انہیں کفر وشرک سے نجات دلا کر عارف باللہ بنا دیتے۔ ان میں سے تین ہزار کو نورِ معرفت میں غرق کر کے مشاہدۂ وحدانیت اِلَّا اللّٰہُ عطا کرتے اور پھر ان تین ہزار کو اِذَا تَمَّ الْفَقْرُ فَھُوَ اللّٰہُ[1] کے مرتبہ پر پہنچا دیتے تھے جبکہ دو ہزار کو مجلس محمدیؐ میں داخل کر کے حضوری سے مشرف کر دیتے تھے۔ باطنی توجہ، اسم اللہ ذات کی حاضرات اور کلمہ طیب کے ذکر کی ضرب سے حاصل ہونے والی حضوری کا یہ سلک سلوک صرف طریقہ قادری میں ہے جو ذوق اور سخاوت پیدا کرتے ہوئے تصور اور تصرف عطا کرتا ہے۔ یہ سلسلہ قیامت تک جاری رہے گا اور دونوں جہان آفتاب کی روشنی کی مثل اس کی آب وتاب سے فیض حاصل کرتے رہیں گے۔

ابیات:

باھُوؒ این کیمیای گنج مفلس را نمود
ہر کرا عقل است حاصل کرد زود

ترجمہ: باھُوؒ مفلسوں کو کیمیا کے خزانے عطا کرتا ہے۔ جو صاحبِ عقل ہو وہ اسے جلدی

[1] جب فقر مکمل ہوتا ہے پس وہی اللہ ہے۔ (حدیث)

سے حاصل کر لیتا ہے۔

اسم اعظم انتہا با ھُو بود

ورد باھُوؒ روز و شب یاھُو بود

ترجمہ: اسمِ اعظم کی انتہا مرتبہ فنافی ھُو ہے اس لیے باھُوؒ دن رات یاھُو کا ورد کرتا ہے۔

کور چشم کے بیند آفتاب

کور را از آفتابست صد حجاب

ترجمہ: نابینا آفتاب کو کیسے دیکھ سکتا ہے! اس کے لیے تو آفتاب سینکڑوں حجابات میں ہے۔

جان لو کہ قادری طالب کو طریقہ قادری کی بدولت ہی کامیابی حاصل ہوتی ہے۔ اگر قادری طالب کسی دوسرے طریقے کی طرف رجوع کرے اور اس سے نجات کی طلب رکھے تو وہ گمراہ اور بے برکت ہو جائے گا اور اس کے مراتب سلب ہو جائیں گے۔ لیکن سالک کے لیے مرشد کامل کا پکڑنا بہت ضروری ہے کیونکہ جو وظیفہ مرشد کامل (کی اجازت اور صحبت) کے بغیر کیا جائے وہ طالبِ مولیٰ کو کوئی فائدہ نہیں دیتا اور نہ ہی اس کا کوئی نتیجہ نکلتا ہے اور نہ ہی طالب کسی مقام و منزل تک پہنچتا ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْۤا اِلَیْهِ الْوَسِیْلَةَ (سورۃ المائدہ۔35)

ترجمہ: اے ایمان والو! تقویٰ اختیار کرو اور اس کے قرب کے لیے وسیلہ تلاش کرو۔

اور حدیث شریف میں بھی آیا ہے کہ:

❁ اَلرَّفِیْقُ ثُمَّ الطَّرِیْقُ

ترجمہ: پہلے رفیق تلاش کرو پھر راستہ چلو۔

اگر کامل قادری مرشد نہ مل رہا ہو تو لازم ہے کہ اس کتاب کو روزانہ اپنے مطالعہ میں رکھا جائے اور اخلاص کے ساتھ اسے پڑھا جائے اور اس پر صادق یقین رکھا جائے۔ ایسا کرنے سے طالب کی رسائی مجلسِ محمدی تک ہو جاتی ہے، اس پر اسرارِ الٰہی منکشف ہو جاتے ہیں اور زمین و آسمان کی کوئی بھی چیز اس سے مخفی و پوشیدہ نہیں رہتی۔ اس کتاب کو پڑھنے والا عارف الحق بن کر مخلوق کی رہنمائی کرتا ہے۔ جو محتاج اس کتاب کو مسلسل پڑھے تو وہ لایحتاج ولی اللہ بن جائے گا، اگر مفلس پڑھے تو وہ غنی ہو جائے گا، اگر پریشان پڑھے تو وہ صاحبِ جمعیت ہو جائے گا۔ جو اس کتاب کو ابتدا سے انتہا تک سمجھ جائے گا اسے ظاہری مرشد سے بیعت ہونے کی ضرورت نہیں رہے گی۔ اگر رجعت خوردہ اسے کتاب کو پڑھے تو وہ رجعت سے نجات پا لے گا، اگر مردہ دل پڑھے تو وہ زندہ دل ہو جائے گا اور اگر جاہل پڑھے تو تمام علوم اور ان کے احوال اس پر منکشف ہو جائیں گے اور وہ حیّ قیوم ذات تک پہنچ جائے گا، ماضی، حال اور مستقبل کی حقیقت اسے معلوم ہو جائے گی۔

ابیات:

اصل یقین است یقین اے یار کن
محرم اسرار شوی از کنہ کن

ترجمہ: اصل چیز یقین ہے۔ اے دوست! یقین حاصل کر جس کی بدولت تو کنہ کن کے

اسرار کا محرم ہو جائے گا۔

اصل یقین است یقین مصطفیٰؐ
اصل یقین است یقین مرتضیٰؓ

ترجمہ: اصل یقین وہ ہے جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کو حاصل تھا۔

اصل یقین است یقین اگر شود
کار تو از ہفت فلک بگذرد

ترجمہ: اصل چیز یقین ہے اگر یہ حاصل ہو جائے تیرا معاملہ ساتوں آسمانوں سے بھی آگے نکل جائے گا۔

مطلب یہ کہ مرشد کامل کو چاہیے کہ طالبِ مولیٰ کو اسم اللہ ذات (کا ذکر) شروع کرتے ہی مشرفِ دیدار کر کے حضوری میں پہنچا دے اور فنا فی نورِ الٰہی کا مرتبہ عطا کر دے تاکہ طالب کو خلوت نشینی اور چلہ کشی کی ریاضت کی ضرورت ہی نہ رہے۔ صاحبِ حضوری لایحتاج ہوتا ہے اسے کیا ضرورت کہ وہ ورد وظائف کرے اور دعوت پڑھے۔ آدمی نفس وشیطان کی قید سے ہرگز نجات نہیں پا سکتا اور نہ ہی اس کا دل دنیا سے سرد ہو سکتا ہے جب تک کہ مرشد کامل کا دامن نہ تھامے اور اسم اللہ ذات کے تبرکات میں مشغول نہ رہے کیونکہ اسمِ اللہ ذات کے ذکر اور تصور سے نورِ ربوبیت میں استغراق حاصل ہوتا ہے اور طالبِ مولیٰ کا ہر مقصود نورِ حضور سے حاصل ہوتا ہے۔ ظاہر و باطن اور لوحِ محفوظ طالب کی لوحِ ضمیر پر منکشف ہو جاتے ہیں اور کلمہ طیب لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ

رَّسُوۡلُ اللّٰہ کے تصور کی حاضرات سے طالبِ مولیٰ پر پاک ذکر کھلتا ہے جو اسے دونوں جہانوں میں اس کا نصیب اور اس کے مقصد میں کامیابی عطا کرتا ہے۔ مرشد طالبِ صادق پر سات کلیدوں سے حاضرات کے سات قفل کھولتا ہے اور ایک دم اور ایک قدم میں طالب کو اس کا مطلوب و مقصود اور جتنے بھی ظاہری و باطنی تصرفات جیسا کہ تصرفِ ازل، تصرفِ ابد، تصرفِ دنیا، تصرفِ عقبیٰ، تصرفِ غرق فنا فی اللہ، تصرفِ معرفتِ توحید اور جتنے بھی قرب کے اعلیٰ و اولیٰ مراتب ہیں' دونوں جہان میں عطا کر دیتا ہے۔ سروری قادری مرشد کامل اکمل جامع اور مجموعۃ الفضل ہوتا ہے جو بغیر ریاضت اور تکلیف کے راز اور خزانے عطا کرتا ہے۔

جان لو کہ اللہ تعالیٰ نے صاحبِ حاضرات اسم اللہ ذات فقرا کو اس قدر قوت بخشی ہوتی ہے کہ اگر چاہیں تو مؤکلات علمِ کیمیا تفصیلاً سکھا دیں یا پارس پتھر جو اگر لوہے سے چھوا جائے تو اسے سونا بنا دے' اسمِ اعظم کی برکت سے غیب الغیب سے لا کر اُسے دے دیں لیکن فنا فی اللہ فقرا ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی ذات میں مستغرق رہتے ہیں۔ وہ باطن میں مجلسِ محمدیؐ میں ہوتے ہیں اور ظاہر میں ان کا دل اس قدر غنی ہوتا ہے کہ وہ مرتبۂ موکل، مراتبِ دنیا یا علمِ کیمیا اور پارس پتھر کی طرف ایک نظر بھی نہیں دیکھتے اگرچہ فقر و فاقہ کے سبب خونِ جگر پیتے رہیں۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ وَ اَتۡبَعۡنٰہُمۡ فِیۡ ہٰذِہِ الدُّنۡیَا لَعۡنَۃً (سورۃ القصص۔42)

ترجمہ: اور ہم نے اس دنیا میں (بھی) ان کے پیچھے لعنت لگا دی۔

کیا تو جانتا ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ان کے اصحاب واحباب نے پوچھا کہ

یا حضرت! وہ کونسی بہتر چیز ہے جو دنیا اور آخرت میں اللہ تعالیٰ کے قرب میں پہنچاتی ہے اور وہ کونسی کمتر چیز ہے جو دنیا و آخرت میں اللہ تعالیٰ کے قرب سے دور رکھتی ہے اور موجبِ ذلت ہے؟ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی زبانِ درّ فشاں سے فرمایا کہ اللہ کی معرفت اور فقر کو محبوب رکھو کہ انہی دو نعمتوں کی بدولت دونوں جہان میں سرفرازی اور فخر نصیب ہوتا ہے۔ دنیا کی جانب سوائے حقارت کی نگاہ کے مت دیکھو کیونکہ دنیا متاعِ شیطان ہے۔

ای عزیز! اعمالِ ظاہر سے انسان کا دل طاہر نہیں ہوتا اور نہ ہی نفاق سے نجات پاتا ہے جب تک کہ اسمِ اللہ ذات کی مشق سے اسے جلایا نہ جائے، نہ ہی دل سے سیاہی و زنگار دور ہوتا ہے اور نہ ہی اس ذکرِ خاص کے بغیر اخلاص پاتا ہے کیونکہ ذکر کے بغیر دل زندہ نہیں ہوتا اور نفس ہرگز نہیں مرتا اگرچہ روزانہ مکمل قرآن کی تلاوت کی جائے یا فقہ کے مسائل سیکھے جائیں یا کثرتِ زہد و ریاضت سے انسان کبڑا ہو جائے یا بال کی مثل باریک ہو جائے دل اسی طرح سیاہ رہتا ہے اور تصور اسم اللہ ذات کی مشق کے بغیر کوئی فائدہ نہیں ہوتا اگرچہ ریاضت کے پتھر سے سر پھوڑتے رہیں۔ تصور اسم اللہ ذات کی مشق کرنے والا بنا مشقت کے معشوق اور بنا محنت کے محبوب کے مراتب پا لیتا ہے اور یہی پسندیدہ مراتب ہیں۔

اگر کوئی شخص ساری زمین کو آدھے قدم میں طے کر سکتا ہو اور ہمیشہ خانہ کعبہ میں سنت جماعت کے ساتھ پانچ وقت کی نماز ادا کرتا ہو یا جناب خضر علیہ السلام کا ہم صحبت رہتا ہو اور ان کے ساتھ علمی مباحثہ کرتا ہو اور حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر

خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تک اور خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے لے کر قیامت تک کے سب انبیا و اولیا اللہ اور صاحبِ مراتب مومن و مسلمانوں کی ارواح سے دست مصافحہ کرتا ہو اور ان کا ہم مجلس رہتا ہو، تمام ارواح کے نام بھی جانتا ہو اور انہیں پہچانتا بھی ہو اور زمین پر جتنے بھی صاحبِ ورد وظائف، اہلِ دعوت، تلاوتِ قرآن کرنے والے حافظ جو دن رات مطہر ہو کر قرآن پڑھتے ہوں یا وہ شخص جس کے ہاتھ میں ساری دنیا ہو اور وہ اسے دن رات اللہ کی راہ میں خرچ کرتا ہو اور سخاوت کی بدولت مسلمانوں کے لیے نفع بخش ہو تو بھی تصور اسمِ اللہ ذات میں غرق ہونا اور مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے دائمی طور پر مشرف ہونا ان سب سے بہتر ہے۔ جاننا چاہیے کہ بندہ ایک دم کے لیے بھی ذکرِ خدا سے جدا نہ ہو۔ حدیث:

۞ اَلْاَنْفَاسُ مَعْدُوْدَۃٌ وَ کُلُّ نَفْسٍ یَخْرُجُ بِغَیْرِ ذِکْرِ اللّٰہِ تَعَالٰی فَھُوَ مَیِّتٌ۔

ترجمہ: سانس گنتی کے ہیں اور جو سانس اللہ کے ذکر کے بغیر نکلے وہ مردہ ہے۔

ابیات:

ہر کہ دیوانہ شود در ذکر حق
زیر پائش عرش و کرسی نُہ طبق

ترجمہ: جو ذکرِ حق میں (اس قدر مستغرق ہو کہ) دیوانہ ہو جائے تو عرش و کرسی اور نو (۹) طبقات اس کے قدموں تلے آجاتے ہیں۔

ہر کہ غافل میشود ذکر از خدا
نفس او فربہ شود کفر از ریا

ترجمہ: جو ذکرِ حق سے غافل ہو تو وہ کفر وریا میں مبتلا ہو جاتا ہے جس کے باعث اس کا نفس موٹا (طاقتور) ہو جاتا ہے۔

جان لو کہ مرشد کامل پر فرض ہے کہ سب سے پہلے طالبِ مولیٰ کو مقامِ خوف، مقامِ رجا، مقامِ کشف القبور اور مقامِ مجلسِ محمدیؐ کی حضوری دکھائے بعد ازاں اسے علمِ معرفت کی تلقین کرے۔ اسی لیے پہلے اُسے ذکر وفکر، مراقبہ اور ورد و وظائف میں مشغول نہ کردے سوائے تصور اسمِ اللہ ذات کے، کیونکہ اسمِ اللہ ذات کے تفکر سے حاصل ہونے والی حضوری سے ہی باطن معمور ہوتا ہے۔ مرشد کامل کو چاہیے کہ سب سے پہلے طالب کو اسمِ اللہ ذات خوشخط لکھ کر دے اور پھر اسے کہے کہ اے طالب! اس اسمِ اللہ ذات کو دل پر لکھو۔ جیسے ہی اسمِ اللہ ذات دل پر نقش ہوتا اور سکون وقرار پکڑتا ہے تو وہ طالب سے کہتا ہے کہ اے طالب! اسمِ اللہ ذات کے حروف میں سے آفتاب کی روشنی کی مثل تجلیاتِ نور نکل رہی ہے اور دل کے اردگرد ایک لایزال و لازوال سلطنت اور چودہ طبقات سے بھی زیادہ وسیع میدان ہے جس میں دونوں جہان اسپند کے دانہ کی مثل سما جاتے ہیں اور اس میدان میں گنبد والا ایک روضہ طالب کو دکھائی دیتا ہے جس کے دروازہ پر کلمہ طیب لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ کا قفل ہے اور کلمہ طیب کے اس قفل کی کلید اسمِ اللہ ذات ہے۔ جیسے ہی طالب اسمِ اللہ ذات پڑھتا ہے وہ قفل کھل جاتا ہے اور طالب اس روضہ کے اندر داخل ہو جاتا ہے اور ایک عظیم مجلسِ محمدیؐ دیکھتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے حکم اور اس کی توفیق سے حبیبِ خدا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا قرب پا کر ان کی صحبت اختیار کر لیتا ہے۔ صادق وصدیق مرشد کامل

اس دوران طالب کا رفیق ہوتا ہے۔

اگر کسی کے دل میں وسوسۂ شیطانی اور وہماتِ نفسانی کے سبب ہزاروں ہزار زنار موجود ہوں جن کا مجموعہ ایک لاکھ ساٹھ ہزار ہے اور ان زناروں کا دھاگہ یہود و نصاریٰ کے تعلق سے زیادہ سخت ہوتا ہے اور انہی کے سبب دل سیاہ، مردہ اور افسردہ رہتا ہے۔ پس مرشد کامل کو چاہیے کہ تصور اسمِ اللہ ذات کی تلقین کرے اور تفکر و توجہ سے طالبِ مولیٰ کے دل کے گرد اسمِ اللہ ذات اور کلمہ طیب کے حروف لکھ دے۔ ان حروف کے لکھنے سے اللہ کا قرب، معرفت اور دیدار حاصل ہوتا ہے جس کی بدولت سر سے پاؤں تک انوارِ توحید کی اس قدر آگ پیدا ہوتی ہے کہ یہ تمام بدکردار زنار ایک بار میں ہی جل جاتے ہیں اس کے بعد طالبِ مولیٰ صفاتِ قلب رکھنے والا صادق الیقین اور حقیقی مسلمان بن جاتا ہے اور کفر و شرک سے بیزار ہو کر توحید و دیدارِ پروردگار میں غرق رہتا ہے۔

اے جانِ عزیز سن! مرشدوں اور طالبوں کے لیے بس ایک یہی بات کافی ہے کہ ان کے بائیں پہلو میں مقامِ نفس اور دائیں پہلو میں مقامِ شیطان ہے۔ ان دونوں دشمنوں کے خلاف جنگ واقع ہوتی ہے۔ پس جس کسی کو پہلوؤں میں موجود ان دونوں دشمنوں کی طرف سے تیر یا کانٹے کے زخم کی مثل درد ملتے ہوں وہ کیسے پُرسکون ہو کر سو سکتا ہے! اے دانا! ہر لمحہ باخبر رہو کہ موت کا کیا اعتبار! وہ کسی بھی وقت آ سکتی ہے۔ پس طالبِ مولیٰ کو چاہیے کہ اسمِ اللہ ذات کے تصور میں مشغول رہے کیونکہ اسمِ اللہ ذات کے حروف میں سے تجلیٔ انوار کے ایسے شعلے پیدا ہوتے ہیں کہ طالب ان

انوار میں غرق ہو کر دیدارِ پروردگار سے مشرف ہو جاتا ہے تب اُسے نہ جنت یاد رہتی ہے نہ دوزخ، نہ رات یاد رہتی ہے نہ دن۔ اسی کے متعلق فرمان ہے:

اَلْاِیْمَانُ بَیْنَ الْخَوْفِ وَ الرَّجَآءِ

ترجمہ: ایمان خوف اور رجا کے درمیان ہے۔

جیسے ہی فقیر اسمِ اللہ ذات کی مشق میں مشغول ہوتا ہے تو اس کے وجود کے ہر بال کو زبان مل جاتی ہے اور وہ جوش میں آ کر اللہ اللہ پکارنے لگتے ہیں اور قلب سِرِّ ھُو، سِرِّ ھُو، سِرِّ ھُو کا نعرہ لگاتا ہے اور روح ھُوَ الْحَقّ ھُوَ الْحَقّ ھُوَ الْحَقّ کی فریاد کرتی ہے اور نفس یہ ورد کرتا ہے:

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَ اِنْ لَّمْ تَغْفِرْلَنَا وَ تَرْحَمْنَا لَنَکُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ O (سورۃ الاعراف۔23)

ترجمہ: اے ہمارے ربّ! ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا۔ اور اگر تم نے ہمیں نہ بخشا اور ہم پر رحم نہ فرمایا تو یقیناً ہم خسارہ پانے والوں میں سے ہو جائیں گے۔

اسمِ اللہ ذات کی مشقِ مرقومِ وجودیہ کرنے والا محبوب و معشوق کا مرتبہ پالیتا ہے۔

آدمی کے وجود میں دو سانس ہیں ایک سانس اندر جاتا ہے دوسرا سانس باہر آتا ہے۔ اندر جانے والے سانس پر مؤکل فرشتہ حق تعالیٰ کے حضور عرض کرتا ہے خداوند! سانس اندر روک لوں یا باہر آنے دوں؟ اسی طرح باہر آنے والے سانس پر مؤکل فرشتہ بھی یہی عرض کرتا ہے۔ پس ہر سانس کے لیے اللہ ربّ العالمین کے حضور عرض کی جاتی ہے۔ جو سانس تصور اسم اللہ ذات میں مشغولیت کے دوران وجود سے باہر آتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے حضور خاص نوری صورت میں ایک موتی کی مثل پیش ہوتا ہے۔ اگر دونوں جہان اور دنیا و جنت کی ہر متاع کو جمع کر لیا جائے تو بھی اس موتی کی قیمت کے برابر نہیں کیونکہ وہ بے مول ہے۔ اسی لیے فقرا کو اللہ تعالیٰ کے موتیوں کے خزانوں کا خزانچی کہا جاتا ہے۔ اللہ بس ماسویٰ اللہ ہوس۔ لیکن طالبِ مولیٰ کو چاہیے کہ کامل وضو کرے اور پاک لباس پہنے اور کسی خالی جگہ میں قبلہ کی طرح رُخ کر کے قعدہ کی حالت میں دو زانو بیٹھ جائے اور متوجہ ہو کر استغراق کی حالت میں اس طرح اشتغالِ اللہ شروع کرے کہ دونوں آنکھوں کو بند کر کے مراقبہ کی حالت میں اسمِ اللہ ذات میں تفکر کرے۔ لیکن طالبِ مولیٰ کو چاہیے کہ یہ عمل شروع کرنے سے قبل ظاہر و باطن میں شیطان کی راہ بند کر دے اور نفسانی خطرات سے خود کو الگ کر لے۔ اس کے لیے طالبِ مولیٰ کو چاہیے کہ تین مرتبہ تسمیہ، تین مرتبہ درود شریف، تین مرتبہ آیت الکرسی اور پھر تین مرتبہ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ[1] پڑھے اور پھر تین مرتبہ چاروں قل، تین مرتبہ سورۃ فاتحہ اور تین مرتبہ کلمہ تمجید مکمل پڑھے، اس کے ساتھ ہزار مرتبہ استغفار

---

[1] (تم پر) سلام ہو (یہ) ربّ رحیم کی طرف سے فرمایا جائے گا۔ (سورۃ یٰسین۔58)

اور تین مرتبہ کلمہ طیب لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ پڑھ کر خود پر دم کرلے۔
طالبِ مولیٰ کو چاہیے کہ تصور کے آغاز میں پہلے تفکر سے دل پر اسمِ اللہ ذات لکھے۔ اسمِ اللہ ذات کی تاثیر سے سینہ صاف ہو جائے گا اور خناس و خرطوم مر جائیں گے۔ بعد ازاں آنکھوں سے تصور کرے اور مراقبہ میں پرواز کرے اور دیکھے کہ دل کے اردگرد ایک وسیع میدان ہے جس میں شفیع الامت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی مجلس ہے۔ اس وقت لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ، سُبْحَانَ اللّٰہِ اور درود شریف پڑھے تب اسے مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے حکم ہوگا کہ اے صاحبِ تصور! یہ خاص مجلسِ محمدیؐ ہے اور شیطان کو قدرت نہیں کہ اس مقام تک پہنچے۔ اس کے بعد طالبِ مولیٰ حق و باطل کی تحقیق کر لیتا ہے۔ اعتبار کی خاطر پہلے دل کے اردگرد چار میدانوں کا تحقیق سے معائنہ کرے جیسا کہ میدانِ ازل کا مشاہدہ، میدانِ ابد کا مشاہدہ، عرش سے تحت الثریٰ تک دنیا کے طبقات کا مشاہدہ اور میدانِ عقبیٰ کا مشاہدہ۔
دل میں قلب ہے اور قلب میں سرّ ہے اور سرّ میں اسرار ہیں اور اسرار سے مراد مشاہدۂ نورِ حضور، اللہ کی معرفت، قرب اور دیدارِ پروردگار ہے۔ مرشد کامل طالبِ صادق کو روزِ اوّل مشاہدۂ دل کے مرتبہ پر پہنچا دیتا ہے اور مرشد ناقص دن رات چلہ و ریاضت کرواتا ہے۔ مرشد کامل دل کی یہ حالت طالب پر تصور کے ذریعے کھولتا ہے اور دل کے گرد چار میدانوں کا مشاہدہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اور اسمِ الٰہی یَا فَتَّاحُ کی مدد سے دکھاتا ہے۔ اس کے بعد طالب اسمِ اللّٰہ اور اسم مُحَمَّدٌ کو تصور میں لاتا ہے اور اپنی نگاہ ان دونوں اسما پر رکھتا ہے اور پھر دریائے توحیدِ الٰہی میں غوطہ لگاتا ہے اور

ذکرِ اللہ کے غلبات کی بدولت غرق ہو کر درج ذیل آیت کے مطابق خود سے بیخود ہو جاتا ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

۞ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ إِذَا نَسِيْتَ (سورۃ الکہف۔24)

ترجمہ: اور اپنے ربّ کا ذکر (اس قدر محویت سے) کرو کہ خود کو بھی فراموش کر دو۔

وہ اسمائے شریفہ یہ ہیں:

اللّٰہ

محمد ﷺ

جان لو کہ معرفت، معراج، محبت، ارواح سے ملاقات، قرب، مشاہدۂ اسرارِ ربانی، فنا فی اللہ بقا باللہ فقیر کے مراتب کی اساس ابتدا سے انتہا تک توحیدِ سبحانی ہے جو اسمِ اللہ ذات کی مشق کرنے والے کو حاصل ہوتی ہے اور تصور، تفکر، تصرف، توجہ اور توکل عطا کرتی ہے۔ ہر طرح کے اذکار، حضوری، علمِ کلماتِ ربانی اور الہامِ الٰہی اسمِ اللہ ذات میں شامل ہیں۔ اسمِ اللہ ذات کے تصور کی مشق جس میں تفکر سے انگلی کے ساتھ دل پر اسمِ اللہ ذات لکھا جاتا ہے' جب تاثیر کرتی ہے تو راز عطا کرتی ہے۔ اسی اسمِ اللہ ذات

سے درج ذیل (آیات میں بیان کردہ) علوم حاصل ہوتے ہیں جیسا کہ:

❁ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا (سورۃ البقرہ۔31)

ترجمہ: اور آدم (علیہ السلام) کو تمام اسما کا علم سکھایا۔

❁ اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۝ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۝ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ ۝ (سورۃ العلق۔1-5)

ترجمہ: (اے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم!) اپنے ربّ کے نام سے پڑھیے جس نے پیدا فرمایا۔ پڑھیے اور آپ کا ربّ بہت کریم ہے۔ جس نے قلم سے علم سکھایا۔ انسان کو وہ علم سکھایا جو وہ نہیں جانتا تھا۔

❁ اَلرَّحْمٰنُ ۝ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۝ عَلَّمَهُ الْبَیَانَ ۝ (سورۃ الرحمٰن۔1-4)

ترجمہ: (وہ) رحمٰن ہے۔ جس نے قرآن سکھایا۔ اسی نے انسان کو پیدا فرمایا۔ اسی نے اسے بیان سکھایا۔

❁ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِیْٓ اٰدَمَ (سورۃ بنی اسرائیل۔70)

ترجمہ: اور بیشک ہم نے بنی آدم کو عزت بخشی۔

❁ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً (سورۃ البقرہ۔30)

ترجمہ: میں زمین پر اپنا نائب بنانے والا ہوں۔

❁ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَیْهِ تَبْتِیْلًا ۝ (سورۃ المزمل۔8)

